عورتیں جنکو انگریزی میں نن کہتے ہیں۔

زمینہ ۔ زمین۔

زمین گل کیچڑ۔ ترشی۔

زین دار باشی بگھی خانہ و ساز و
سامان۔ اصطبل کا داروغہ۔

زنخ ۔ ٹھڈی۔ ٹھوڑی۔ چانہ۔

زن و زندگی ۔ گھربار۔ بال بچے
یہ محاورہ ہے۔

زراعت دیمی بارانی زراعت
جو مینہ سے پیدا ہو۔

زمین خار ۔ کانٹوں کی زمین جہاں جھنکاڑ

زردی حاصل زراعت کا رنگ
کھیتی کا دانی رنگ۔

زہ کمان کا چلہ۔

زرت کاری جوار کی کھیتی۔ کھیت یا
جوار کا کھیت یا زراعت جوار کا بونا۔

محاورات و عبارتہائے شرح طلب

زن تحتی ایک نئی عورت۔

زرد براقی چمکدار زرد رنگ۔

زلفہا ریختہ لٹکتی ہوئی زلفیں۔

زمین خورد اما عیب زمین پر گر پڑا
مگر چوٹ نہیں لگی۔

زاد و ولد کردہ - جن جاکر بچے ویکرد

زن صیغہ میں جسکی مستقل شوہر نہ ہو جو زن آرائش کے گھر میں ڈالی ہوئی عورت جو اپنی سکھ جسم یعنی بیاہتا کی برابر حق رکھتی ہے نہ شریک ارث ہے۔

زوند و خواندند - بجایا اور گائے۔

زانو زمین زدہ - تعظیم کو جھکنا - زانو ٹیک یا گھٹنا ٹیک کر۔

زنگ مہر و ند گھنٹی بجاتے تھے۔

زیاد ورک ... یا اوڑانے یا جوشستے۔

حرف ژائے فارسی

ژاردان باغ یہ انگریزی گارڈن Garden سے مفرس ہے۔

ژاولت - سانگ - برچھی کی بھال سنان ایسی برچھی جسمیں دستہ یعنی ڈانڈا ہو سنان سپہ ایک ٹکڑے لوہے کی ہو یہ لفظ انگریزی جیولوٹ Javelot کا مفرس ہے۔

ژنرال جنرال - جرنیل - مشہور عہدہ ہے یعنی سالار لشکر۔

ژنرال یہ بھی اوسی لفظ جنرل کا مفرس ہے

ژیمناستک اور ژیمی نانستیات کشتی کا فن - ورزش پہلوانی یہ لغت انگریزی جائمنیسٹک Gymnastic سے مفرس ہوا ہے۔

ژاندارم شریف و نجیب - دلیر ولاور سپاہیوں کا بیڑہ - یہ لفظ انگریزی جنس ڈی آرمس Gens de Armes سے مفرس ہوا ہے۔

ژاندارک یہ لفظ ایک شہر کی مورت کے ذکر میں ہے یعنی مجسمہ ژانداک لکھا ہے اس لفظ کی صحیح تحقیق ممکن نہ ہوئی مگر صرف اسقدر کہ اسکا انگریزی تلفظ اور فرانسیسی خط کا اسپیل لکھا ہے - اسپیل اور املا صحیح ہو تو کسی حالت میں کسی بڑی ڈکشنری سے اسکے معنی مل سکتے ہیں حقیر مندرجہ ہے کہ کوئی انگریزی لغت یا فرانسیسی زبان کی ڈکشنری اور کسی طرح شرح تحقیق کا قلیل و کثیر مادہ موجود نہیں ہے۔

مشہور [illegible] ہے [illegible]

ایک [illegible] Jocm duHre سے مفرس ہوا ہے۔

ژاگوار ایک قسم کا شیر ہے گلدار تیندوے کی شکل جسکے بدن پر سیاہ گل اور خاکی رنگ ہوتا ہے ہندی میں گلبہرا اور بگھیلا کہتے ہیں یعنی شیر خورد کیونکہ زبان ہندی میں لفظ لا تصغیر کے واسطے آتا ہے - Jaguar

ژون - انگریزی چھٹا مہینا جسکو جون کہتے ہیں -

ژاپونی جاپان کا باشندہ -

ژارٹیر انگریزی سلطنت کا اعلے درجہ کا نشان اعزاز ہے یہ لفظ گارٹر Garter سے کا مفرس ہوا ہے -

حرف السین مہملہ

ساخلو قلعہ کے پاسبان یعنی محافظ گارد جسکو انگریزی میں گیارسن کہتے ہیں یہ لفظ ترکی ہے اور محافظت ونگاہبانی کے سوا اور معنی میں بھی بولا جاتا ہے مثلاً ساخلو تمنا [illegible] یعنی - میں آپ کا انتظار کر رہا تھا آپ کی راہ دیکھ رہا تھا - یا کہتے ہیں فلان شخص اوس کو ہر وقت زیر نظر رکھتا ہے - یا صبح سے شام تک تاک میں رہتا ہے - صبح تا صبح ساخلوش میکشد - یا کہتے ہیں [illegible] پہرہ بیٹھا ہے - سر مرا ساخلو گذاشتہ ا[illegible]

سن - منظر - منظر - [illegible] گاہ - تماشا خانہ میں سین اوس پردہ تصویر کو کہتے ہیں جو اسٹیج یعنی صحن بازی گاہ پر لٹکایا جاتا ہے - یہ لفظ سین Scene سے مفرس ہوا ہے -

سکوڈی [illegible] - [illegible] یہ لفظ [illegible] سے مفرس ہے [illegible] معمول ہے کہ تماشہ گاہ پر ایک [illegible] جزیرہ نما صورت پر دریا کے کنارے سے پانی کے اندر کو پچاس چالیس گز تک [illegible] اوسکے طرفین میں دریا کا کنارہ [illegible] کھودکر اوسکے کنارے پختہ بنا دیتے ہیں اور [illegible]

ہیں۔ یہ کیا کیا کہ اردو میں ... [illegible] ... یہیں تک
مانے تو ان کا ... جس میں اسے کہ دستان [illegible]
اور ان کا اب میں لا کر اس کو [illegible]
ہیں کہ ہر قسم کے بحری صدمے اور طوفان سے
بھی محفوظ ہیں اور کنارہ پر اسباب بھی با آسانی
اور چڑھ سکے گویا لنگرگاہ ہوتے ہیں اس کے
سوا ہر ایک مہتابی اور مدور چبوترہ کو بھی کہتے ہیں
جیسا اور ہر معنی میں یہ لفظ اسی مادہ سے مشتق
و معرب ہے۔ عام چبوترہ کو بھی کہتے ہیں۔

سیم تار۔ لوہے کا ہو یا چاندی تانبا
پیتل وغیرہ کسی چیز کا ہو سب کو سیم کہتے ہیں۔

سیگار ترکی چرٹ کاغذ میں لپٹا ہوا تنباکو کی
بیڑی یعنی تنباکو کا چرٹ یہ لفظ انگریزی سیگریٹ
Segarett سے معرب ہوا ہے۔
جیسا کہ اردو میں [illegible] کا معرب ہے۔

سوارج سالہ۔ سوار دناتپ۔

سیولٹ [illegible] ... تماشا گاہ میں کھڑا ہونے کے واسطے بناتے
ہیں یہ لفظ انگریزی [illegible] سے ...

معرب ہوا ہے۔

اسٹور ڈسکا چشمہ ندی کا [illegible] انگریزی [illegible]
[illegible] Stream [illegible] ہے۔

سوراومن سو نو چشمہ ندی کا لفظ
اور اضافت انگریزی یعنی آف of کا معرب
ہے اور من ایک ندی کا نام ہے۔ سورس آف
من یعنی دریا مون Source of Amun [illegible]
کا چشمہ جہاں سے من نکلی ہے۔

سالدات اردنانس سالات
سولجرس سے معرب Soldiers ہوا ہے
اور اردنانس آرڈی نانس کے معنے جس کی شرح
حرف الف میں گذری متعینہ ہے یعنی متعینہ سپاہی

سٹی شہر۔ آبادی۔ یہ لفظ انگریزی
City سے معرب ہوا ہے۔

سوارکوراسیہ زرہ پوش رسالہ
لفظ کراسیہ انگریزی کوئی راسیر Cuirassier
سے معرب ہوا ہے۔ زرہ پوش کو کہتے ہیں۔

سنانو امیروں کی مجلس اعیان و اکابران
ملک کی قانونی مجلس یہ لفظ انگریزی سینیٹ

سے Senate معرّب ہوا ہے۔

سناٹی دولت سلطنت کا محکمہ یا۔

سنگ موزائق ایسا سنگ مرمر جسپر نقش و نگار اور تصویریں بنی ہوں خواہ قدرتی طور پر ہوں یا کسی مصور نے بنائے ہیں۔ یہ لفظ انگریزی ماسیک Mosaic سے معرّب ہوا ہے۔

سنگ موزائک نقش نگار سے منقش پتھر یعنی مرمر۔ یہ بھی اوپر کا لفظ اور اوسی ماخذ سے معرّب ہے۔

سنٹ مرک سنٹ مقدس۔ ولی یا برگزیدہ بہشتی۔ اور مرک ایک عیسائی ولی کا نام ہے یعنی مرقس یہ لفظ انگریزی سینٹ مارک Saint mark معرّب ہوا ہے۔

سینٹ الیائس مقدس یا عزیز رشتہ۔ مقبول رشتہ۔ زمانہ سلاطین سلف اور بزرگان یورپ کی تصویرین ہین جنکو سینٹ الیائس کہتے ہین یہ لفظ انگریزی سینٹ ایلیس Saint Alliance سے معرّب ہوا ہے۔ اگر اس لفظ کا ماخذ سینٹ الی سائینس ہوتا Saint Elysains تو نہایت مناسب المعنی تھا کیونکہ اس کے معنے مقدس بہشتی گروہ برگزیدہ جنتی لوگ ہوتے ہین اور متوفیان سلف کے واسطے ایسا خطاب سوا سے رائج دنیا کے موزون بھی ہے مگر ان تصویرات پر یہی نام لکھا ہے جو ہمنے اوپر کی عبارت مین اسکا ماخذ قرار دیا ہے۔

سنگ ھنیت سپید شفاف۔ چمکدار نقرئی رنگ کا ایک پتھر ہے یہ لفظ انگریزی میل چیٹ Malachite سے معرّب ہوا ہے۔

سسٹم گرا بندوق کی ایک قسم کا نام ہے یعنی گراس قاعدہ کی بندوق سا سٹیم قاعدہ کو کہتے ہین یہ لفظ گراس سا سٹیم Gras System کا معرّب ہے گرا بندوق پرانی چال کی جیسی تلنگوں کے پاس بھی ہوتی ہے۔

سوارہ بوفہ شب کو بطور سپیدہ کھڑے کھڑے کھانا کھانیکی دعوت سوارہ شب کی دعوت بعد نصف شب کے اور بوفہ کھڑے چلتے پھرتے کھانا۔ وا وجہ سوارہ کے

بعد بطور عطف ہے وہ اضافت ہے یعنی اُف
کا مفرس ہے اور تلفظ میں ۔ او ۔ بولا جاتا ہے
یہ لفظ سپر اُف بوفے Supper of Buffet
سپاہ مفرس ہے ۔

سُوپ ایک دعوت کا نام ہے سو یخنی
اور آب گوشت کو کہتے ہیں یہ لفظ انگریزی سوپ
Soup کا مفرس ہے ۔

سوسیالیست دموکرات
سوشیالسٹ جمہوری کا گروہ یا فریق یہ لفظ سوشلسٹ
Socialist democrat انگریزی
سے مفرس ہوا ہے ۔

سانچو ڈون کیخوت کی شرح میں اسکا
ذکر بھی گزر گیا ۔

سنگی پتھر کی بنی ہوئی کوئی چیز ۔

سیگار سازی سیگار بنانے کی صنعت
یا پیشہ ۔

سنگ ہار باد آنا ۔ بو آنا ۔ ...
کرنا ۔

سرہنگ کرنیل یا ایک فوج کا عہدہ [illegible]

سُو ۔ ترکی زبان میں پانی کو کہتے ہیں ۔

ساری اصلان ۔ شیر زرد ۔
ساری زرد کو کہتے ہیں اور اصلان مخفف ہے
ارسلان کا جسکے معنے شیر ہوتے ہیں ۔

سیم کناچہ سرنگی کا تار ۔

سرکشی گھوڑوں کے گلے کو جہاں جبڑے
پیدا ہوتے ہیں ۔ ایلچی اور وفد کو جائزہ یا ملاحظہ
یا انتخاب اور چھانٹ کو سرکشی کہتے ہیں ۔

سرتیب پلٹن کا افسر ۔ غول یا پیادہ
رسالہ کا رسالدار ۔

سرداری ۔ لبادہ ۔ ... ۔ دراز کوٹ

سرداری خز خز اون اور ریشم وغیرہ
شال سے بنا ہوا کپڑا ہوتا ہے ایسے کپڑے کا کوٹ

سرباز ۔ سپاہی ۔ پیادہ ۔

سربازخانہ سپاہیوں کی لین ۔

سوارہ رسالہ ۔ ...

سربالا چڑھائی ۔ ڈھلوان ...

سرازیر نشیبی ۔ ڈھلان ۔ اوتار ۔

سرازیری ۔ نشیب ۔ ...

سراشیب ڈھلان۔ چڑھان۔ نشیب اتار۔

ساعت ۔گھڑی۔ گھنٹہ

سُمبہ ۔توپ بھرنے کا سنبا۔

سنجاق ۔ شاہی جال۔ پٹکا۔ حمائل ڈوال جو بطور صوبہ داری کے جال کے بادشاہ گلے میں ڈالتے ہیں۔

سرسکہ روپیہ کا اوپر کا رخ جدھر تصویر ہوتی ہے اور تہ سکہ اسکی دوسری طرف کو کہتے ہیں

سیورسات ۔رسد۔ سامان خوراک دانہ گھاس۔

سایجمہ بندوق کا چھرہ۔ کباب۔

سوارۂ دراوت دبکت شکاری گھوڑے والے ایک خیال۔

سوارۂ ملکی اور **سوارۂ جغتیا** اور **سوارۂ ایلات** ۔ ترکی اور جغتیاری قوم کے نام ہیں۔ اور ایلات ترکان بادیہ نشین

سنگ چین ۔ایسی اینٹ جو بنیر مصالحہ

اور چونہ کے محض پتھروں سے چنی جاے بندوق میں ایسی تعمیر کو پارہ کی چنائی کہتے ہیں۔

سرا پہلہ ۔ دربان۔ ڈیوڑھی کا ناظر

سرا پردہ باشی دربانوں کا افسر ناظر محلسرا۔

سنج ۔ جھانجھ۔ یہ ایک باجہ ہے جس کی پلیٹ کے دو مدور ٹکڑے باہم بجاتے ہیں۔

سیب زمینی ۔آلو۔ بتانہ۔ چونکہ یہ پھل زمین کے اندر درخت کی جڑ میں ہوتا ہے اسلئے سیب زمین کہلاتا ہے۔

سیم فی بکری کے دودھ۔ یا بہشتی کا تار ایک ہانت جو سارنگی رباب وغیرہ باجہ میں لگتی علاوہ اور کام میں بھی آتی ہے۔

سیاہ ۔حبشی۔ بدی۔ کالا آدمی۔

سر جامہ جامہ کا دوسرا دستہ۔

سفرہ خانہ کھانا کھانے کا کمرہ

سرکوب مورچہ یا دمدمہ جو کسی بلند مقام پر قایم کیا جاے۔ وہ نشیب کے مقام کی نسبت سرکوب ہے۔

سورنا - بانسری - نفیری -

سوارۂ هنگری ملک ہنگاریہ کے مانند ونگا رسالہ -

سبز قبا - ہریل - سبزک - ہریلا - ایک پرند جانور ہے -

سُبُک - طرز - طرح - ترکیب - مانند -

سر زنده شاباش - ہنس مکھ - زندہ دل آدمی -

سر در دروازہ کے اوپر کا بالاخانہ -

سوارہ چار دولی - چار دولی قوم کا رسالہ -

سر نیزه - برچھی کی بھال - سنان نیزہ - لوہری -

سُور - دیوار -

ساقہ درخت درخت کا تنہ جُستہ اوپر کا - جہان شاخین ہوتی ہین ساق بھی کہتے -

سر پائین نیچے کی طرف - اواخر ڈھلان

سر عسکر سپاہ سالار - کماندار انچیف

سلخ مہینے کے آخر یعنی چاند رات کا دن -

سنگلاخ پتھریلی زمین جہان پتھر کنکر زیادہ ہون

سیم تلگراف خبر کا تار - برقی تار

سبیل - مونچھین - مونچھ -

سکّان جہاز یا کشتی کی باگ جس سے جہاز کو ہر طرف پھیر سکتے ہین - جہاز کے پیندے کے نیچے پانی کی طرف کو ایک مثلث تختہ لگا ہوتا ہے اوسکی حرکت دینے کے واسطے زنجیر بندھی ہوتی ہے کہ بیچ مین بیٹھکر جدہر چاہین پھیر سکتے ہین

سد دیوار - روک - بند -

سدود سد کی جمع ہے - دیوارین -

سار سیاہ رنگ کا ایک پرند جانور ہے کہ نہایت خوش الحان ہوتا ہے - اور ایک جانور آبی کو بھی سار کہتے ہین -

سفرائی خارجہ بیرونی ایلچی غیر سلطنتوں کا ایلچی -

سلام دربار

سلام خاص دربار لیوی -

سیہ پَری : ایک پرند جانور کا نام ہے جو بہت خوش الحان ہوتا ہے اور چڑیا کی برابر ہوتا ہے۔

سان - ملاحظہ - جائزہ -

سالدات روسی سپاہی یہ لفظ انگریزی Soldier سولجر کا معرب ہے۔

سایر اور **سایرین** سب لوگ تمام آدمی۔

سراپردہ - خیمہ - ڈیرہ -

سرکردہ اور **سرکردگی** - افسر اور افسری

سنگ پتھر کی چٹان -

سکنی سکونت - بود و باش -

ساحل اور **سواحل** دریا کا کنارہ اور کنارے -

سواد - نواح - آس پاس - قرب -

سماق ایک پتھر نہایت شفاف اور سخت ایسی مختلف رنگ کا ہوتا ہے -

سنگ سپید ایک سپید رنگ کا پتھر سنگ مرمر کی قسم کا پتھر -

سنگر - مورچہ - دمدمہ بندی -

سفیدار ایک کڑوے پھل کا درخت ہے -

ساعت مجلسی نا میں گھنٹہ

سربازی سپاہیانہ چیز -

سریشم سریش -

سنگ معدنی بلور وغیرہ قسم کے پتھر جو کان سے نکلتے ہیں -

سفیدکاری چونے کی قلعی -

سقز رومی مصطگی جو ایک درخت کا گوند ہے

سُرفہ کھانسی -

سیلاب - رو - رود کا پانی -

سرچشمہ رود جہاں سے ندی نکلتی ہے

سبزکاری ترکاری بونا -

سفت - موٹا -

سیاہ درندے -

سرکچی لڑکی پریشانی سے پیدا

سقف مقرنس دالان جس کی چھت کھپریل دونوں جانب ڈھلوان ہو کی گئی

سرطان موسم ہے جبکہ آفتاب برج سرطان میں ہے

سپاہ پیشتر [illegible] - [illegible] تہا۔

دستہا [illegible] [illegible] ۔

سراپو زنبکوف [illegible]
Sapagoni koff [illegible] کا نام
سینٹ اینڈریو [illegible] نشان کا نام Saint Andrew یعنی تمغا عزت۔

سوئسی سوٹزرلنڈ کا باشندہ۔

سردسیر ٹھنڈا ملک برفستانی اور گرمسیر گرم ملک۔

عبارت و محاورات شرح طلب

سر کلیسا کہ ساعت باشد
گرجا کی چوٹی گویا سر ساعت یعنی گھنٹہ کی چوٹی ہے گرجا کے مینار پر گھنٹہ بنا ہوا تہا کہ چاروں طرف سے نمبر اور سوئیاں نظر آتی تہیں۔

سوارہ قزاقی صحبت کردیم
سوار کہڑے کہڑے [illegible] رہا کئیں۔

سرش را گرد کردہ اوسکی چوٹی کو گول کر کے۔

سرپا کہڑے کہڑے۔

سیمی تلگراف مانند ایک تار برقی تار کی شکل۔

ساز میزدند باجہ بجاتے ہیں۔

سنگین و تمام بود وزنی اور پورا تہا۔

سہ مرتبہ چادری ہم زدہ بودند تین قطار خیمہ بہی کہڑے کئے تہے۔

سرش پیچ خوردہ اوسکا سر پہر گیا یا چکرا گیا۔

سنگ بزرگ تراش بنا تراشا ہوا پتہر بڑے ڈول کا۔

سر دریا ورد نکالتا تہا۔ [illegible]

سہ تا بالش بزرگ تین بستر اور تکئے بڑے۔

سر ازیر کرد جہکایا۔ نیچا کیا۔

سلام منعقد بود دربار جمع تہا۔

سان دیدہ جائزہ لیا۔ ملاحظہ کیا۔

سواشدہ است جدا ہو گیا ہے یا علحدہ

سُدْکَھنْد - سپند کرے ترو کے

سِرِشام رات کے کہلنے پر -

سرِ بہار صبح کے کہلنے پر -

سِگْہارا بازی میدا و ستون کو کہا جاتا تہا

سر شِر ... راپس ... [illegible] ... ذبح کرنا -

سیم اندی ساختہ تانت یا پٹے کا تار بنا کر -

سرِ امتحان وادہ سرکو ہلا کر -

سلام می لشتت رہا کیا ہے - دریا کو بہتا ہے -

سر ساخت مہیب دو ... [illegible]

سرِ امیر ... اول ... شہنشاہ سر تاک کر شہنشاہ کے سر وقشا نہ باندھ کر -

سرِ تیز بازی شاخہا ... ایک ... گہیں -

سِتَم اَخری کہ ور نذل ... بیہلی ساختہ ... [illegible]

سیاہی لطر بہائے عرق اچہد

زمین حبشی - ... [illegible] ... چہن دیا -

حرف الشین منقوطہ

شَلُّوْن - فرغل - لبادہ - باران کوٹ ... Shalloon انگریزی سے معرب ہوا ہے - لغات کو معرب کرنے کے قاعدوں میں سے ایک قاعدہ یہ بہی ہے کہ حرف آخر کو اس کے ماقبل سے مقدم رکہ کر دیتے ہیں اور حروف علت ... حذف کر دیتے جاتے ہیں یہ کوٹ ... شہنشاہ نپولین بونا پارٹ کی ... عہد ... اور ... جب ... حسب المطلب گورنمنٹ فرانس ... غرض سے ... عیسوی ... بعد ... نکالی گئی تو اوس وقت بہی ... ٹوپی اور جنگی کوٹ جو ... کی ... ات اور ...

دن پر پہنچا اور ہیبت ناک بارعب مُردے کو
پہنایا گیا اور یہ دوستوں کے عجائب خانوں میں
عجیب و غریب نظر آنے انگیز یادگار ہو کر رکھا گیا
جزیرہ سینٹ ہیلینا جو ہندوستان اور انگلستان کے
بیچ میں ہے اور اس وقت ایسٹ انڈیا کمپنی کے
قبضہ میں تھا اور اس سے پہلے [illegible] وہاں قلعہ بنا ہوا تھا
یہ نشانیاں دولت انگلش کے قبضہ میں ہیں۔

شارژ داَفر بروزن چارج دافیر
سفارت خانہ - ایلچی کا نائب اور دفتر دار ایلچی گری
یہ لفظ چارج دافیر Charged Affaire
انگریزی سے مفرس ہوا ہے۔

شان دُمارس فوج کی مشق اور قواعد
کا میدان۔ پریڈ کا میدان - چاند ماری - یہ لفظ
انگریزی چیمپ ڈی مارس Champ de mars سے
مفرس ہوا ہے۔

شوسہ یا شوسۂ سڑک کا گول
[illegible] مٹی کنکر اور پتھر وغیرہ
[illegible] جنگل میں کنکر کی سڑک بناتے ہیں
[illegible] یہ لفظ [illegible]
سے مفرس ہوا ہے یعنی Chausse

شاسپو پہلی طرز کی بندوق اور پیادہ سپاہ
کی بندوق جیسے [illegible] سے پہلے رائج تھی۔
یہ لفظ بھی بولی فرانس زبان سے Chassepot
مفرس ہوا ہے۔

شانجی [illegible] یا اسپیزی نانسیو [illegible]
فرستادہ - رسول - قاصد - پیغامبر - ایلچی شرعی
برگزیدہ سفیر یہ لفظ چی نُنسیو Chai Nuncio
سے مفرس ہوا ہے۔

شوالیئر [illegible] - جوانمرد - بہادر - پہلوان
یہ لفظ [illegible] انگریزی [illegible] سے مفرس
ہوا ہے۔

شلیک توپ کی فیر۔
شید - ٹونٹی - چھید ار کاک - سوراخ کاک
پانی نکالنے کا ٹینل کا پیچ۔
شاد بات کا کہنا۔
شاطر سائیس - نفر۔
شیپور - بگل - قرنا - ترہی۔
شیپورچی - بگلچی - قرنا نواز

شمس طلا - سونے کا پانسہ - سونے کی اینٹ

شلاق - قمچی - چابک -

شرق شلاق - چابک کی آواز -

شلتوک - دھان - چاول معہ چھلکے کے -

شکل قندی - مخروطی شکل گاؤدم مینار - قند کا کوزہ چونکہ مخروطی مینار کی صورت کا بناتے ہیں اسلئے لوگ اس گاؤدم شکل کو قندی یا قندکی کہتے ہیں -

شکل قندکی - مخروطی شکل قندی اور قندکی ایک ہے -

شوکا - جہانک - نیلہ گاؤ جو ایک چوپایہ حیوان اور صحرائی شکار کی قسم ہے -

شال بیک - بڑا رومال جسکو مسدس کر کے ... باندھتے ہیں -

شالی - ... ایک قسم کا ... ہے ... کہتے ہیں -

شیل - بروزن نیل - کمیلہ - جانور ذبح کرنے کا کارخانہ - مچھلی کے شکار کا ٹھیکہ - ماہی گیری -

شیلات - ماہی گیری وغیرہ گوشت کا کارخانہ - شیل کی جمع ہے -

شبچرہ - شب کی خوراک - رات کی غذا

شبنگ - ... ایک مشہور اناج ہے اور گیہوں کے ساتھ بویا جاتا ہے - بیل ہوتی ہے اور پھلی لگتی ہے -

شاہزادہ خانم - بیگم شاہزادہ نواب یا شاہزادے کی بی بی -

شئونات - شان مرتبہ - اعزاز شان کی جمع ہے - یعنی قدر و منزلت -

شغف - شوق - اشتیاق - آرزو - خواہش

شط - کنارہ - دریا کا ساحل اور اصطلاحاً رود خانہ کو کہتے ہیں - مثلاً شط ... دریائے فرات اور شط بغداد - دجلہ ندی ہے -

شمشیر گاہ السلطان

پادشاہ ایران کے دربار میں جب کوئی شہزادہ امیر سفیر یا وزیر مختار وغیرہ آتا ہے تو مکان دربار کے دروازہ سے اندر کی طرف چار آدمی ننگی تلواریں لیے ہوئے کھڑے رہتے ہیں تا آنکہ ... جنکی ملازمت ہوتی ہے تلواروں کے سایہ میں ...

وزیر کو شہر پر کو بخش اور اُسکے بعد اُسی نام کو شمشیر کہنا
کہتے ہیں

شہرآب دارالسلطنت ایران یعنی شہر
طہران کے نواح میں وہ شہر ہے جس کے باغ اور
بعض انگور کے باغات اور باوام وغیرہ کے
درخت ہیں اور اسکا نام شمیران ہے - شمرانات اور
متعلق تمام باغات کو کہتے ہیں یہ نام اسقدر مشہور ہے
کہ عام انگوری باغ کو شمران کہنے لگے ہیں -

شگوفہ - غنچہ - کلی -

شیخ الاسلام تمام مولوی اور ملاؤں کا افسر

شاگرد - تیراک - شناور -

شعبہ - شاخ - نالہ - ٹکڑا -

شیرہا ٹونٹیاں ۔ پانی نکلنے کی
ٹونٹی کو شیر کہتے ہیں یہ جمع ہے -

شترمرغ ملک افریقہ کا ایک جانور ہے جسکا
قد قریب اونٹ کے بچے کے ہوتا ہے -

شیشہ آلو - سوراخ - آنکھ -

شعلہ - بال - سوراخ اپنی - سوراخ -

شاہ پسند - انگور - شراب کی ایک قسم

شاہانہ - کسی شاہ کی دولت -

شاہ نشین - صدر کی جگہ - کہاتے
گویا بیٹھنے کی جگہ پر ایک محرابدار طاق ہوتا
ہے اسکی کھڑکی کے سامنے بنا ہوا ہو اور کہ اسکو
شاہ نشین کہتے ہیں -

شلوار کاری - وہاں کی زبان -

شغال - گیدڑ - سیار -

شبان - گڈریا - چرواہا -

شاہد و شاہزادہ - شاہ شہزادہ اور شاہی
کے ساتھ - ساقہ پر ... بات کہنا -

شش سر - ... -
... سے پیدا ہوا آگ ہو -

شلوار - ازار - پاجامہ -

شاطرباشی - ساتھ والوں کا جمعدار -

شاہ سون ایک قوم کا نام ہے -

محاورات و عبارتہا شرح مطلب

شمشیر شد - بگل بجاتے ہیں -

شیپور کشیدند - بگل بجایا -

شامیانہ یا شامیانہ بسیار مفصل یا عظمت

صرف شد یا شام صرف شد

ایک دن شب کی شاہانہ ضیافت

نہایت عزت و حشمت کے ساتھ تناول کی

یا رات کھانا تناول ہوا۔ یا طعام شب کھایا گیا

شگفتہ و خوش آمدہ بود و کہلا اور پادگار تھا

درخت سے اُگنا اور پھوٹنا دست آمدن ہر

شاخ و برگ سرش را زدہ۔ اوسکی

چوٹی کی شاخیں اور پتے کاٹ کر یا چھانٹ کر

شاہ مرحوم غفران مآب فردوس منزل

محمد علی شاہ بادشاہ ایران کا لقب ہے جو اعلیٰحضرت

سلطان ناصر الدین شاہ قاچار بادشاہ حال

کے والد تھے۔

شکار و کرد ورند۔ ہرن نکالی یا جنگل جانور

شکاری۔ یا شکار کی۔

حرف الصاد مہملہ

[illegible]

[illegible]

اول وقت۔

صاحب منصب عہدے دار

صدر اعظم وزیر اعظم

صادق آملاں۔ شہر زرد

صادی زرد کو اور [illegible]

سے [illegible]

جاتے تھے [illegible]

کرتے تھے۔

صاحب دیوان [illegible]

صحبت۔ بات چیت۔ گفتگو [illegible]

صور۔ [illegible]

صبایا۔ بات۔ بیان۔

صندوقدار داروغہ توشک خانہ شاہی

صدر۔ عہدہ [illegible]

علما اور [illegible] بادشاہ کا [illegible]

[illegible]

[illegible]

کھانا کھانا۔

صرفہ۔ فائدہ۔ سود۔

صدائے منکر - بری آواز - جسکا ... معلوم ہو

محاورات و عباراتِ شرح طلب

صرف نمودیم - کہا یا استعمال کیا۔

صرف باکولات شد - کھانے میں صرف کیا گیا - کھانے گئے۔

صوت مہیب - آواز دیتا تھا - بہتا تھا

صفوف قشون - فوج کی صفیں

صندلی [illegible] کرسیاں بچھا کر۔

[illegible] تھا اور [illegible]

وارد [illegible]

زیادہ نقصان [illegible] ہوا ہے۔

[illegible] ملکی معاملات سلطنت کی [illegible] گفتگو۔

[illegible] آواز [illegible]

کہا [illegible] تھا یعنی آواز بیٹھ گئی تھی یا گلا گھٹا تھا اسلئے [illegible] کہا [illegible] تھی۔

حرف الضاد معجمہ

ضرابخانہ - ٹکسال - جہاں روپیہ اشرفیاں سکے کئے جاتے ہیں۔

ضخیم - موٹا - دلدار چیز - [illegible]

ضعف بنیہ - جسم کا ضعف۔

حرف طاء مہملہ

طلومبہ - پانی پھینک کر آگ بجھانے کا آلہ - آگ بجھانے کا آلہ یا بمب پانی اوپر [illegible] کل آگ بجھانے کے واسطے [illegible] ہر ایک بڑے شہر میں سرکار کی طرف سے [illegible]

یہ لفظ ٹول پمپ tole pump انگریزی سے معرب ہوا ہے۔

طولمبہ چی - ٹول پمپ کے کارکن آگ بجھانے والے۔

طاق نصرت - [illegible] دروازہ

یعنی جب کوئی بادشاہ یا وزیر یا نائب السلطنت کے کسی شہر میں وارد ہوتا ہے تو [illegible]

اظہار [illegible]

[illegible]

اور دوا ... [illegible]

سنے آراستہ کرتے ہیں اور جابجا الفاظ زینت

اور دوات ... سے لکھتے ہیں اسکو ہندی

... [illegible]

... [illegible]

... [illegible]

... [illegible]

اسکو طاق نصرت کہتے ہیں —

طوس بال - جال - اور کپڑا

طور سفید بابریٹ - جال لوٹ

لوٹ جال - جالدار کپڑے کی نقاب -

طور ماہی مچھلیاں پکڑنے کا جال

طاق آجری - اینٹ کی محراب

اینٹ کا الاؤ —

طنک طاء مہملہ کے بعد واسطے نون

... [illegible]

... [illegible]

طا ... [illegible]

... طالبی کا کام

طپانچہ شش تولہ چھ تولہ ... طپنچہ -

طبل شب رات کی نوبت -

طناب - رسی - پھانسی -

طناب انداختن پھانسی دینا

طُلاب طالب علم - طلبہ -

طبق کش - خوان اوٹھانے والا

بوجھ اوٹھانے والا - حمال - مزدور -

ہیل گری -

طبل سربازی - پلٹن کا ڈھول -

طولہ چھوٹی قسم کا کتا یعنی کتے کا بچہ

طولہ شکاری - تاکسو نگنا جو شکار کی بو پر جاکر شکار کو تلاش کر لیتا ہے -

طبل نقارہ - ڈھول -

طالش ایک قوم کا نام ہے -

طراوت - ہریالی - سبزی -

تری و تازگی -

طناب قطور موٹی رسی -

طرف اغلب - غالب طرف -

طنازی — انداز و چوچلی رفتار — چال ۔

طاق — محراب — ٹوٹک — ڈاٹ ۔

طغرہ وار الارکان — ایک قسم

طیور — طائر کی جمع — یعنی پرند جانور

طلسم زنگولہ — داستانِ امیر حمزہ کا

ایک نام — زنگولہ — اور وہاں — دیو بھی

بہادر کی نگہبانی میں — وہاں کے متعلق

طلسم — قرار دیئے ہیں ۔

محاورات و عبارتہا شرح طلب

طاق زدہ — محراب بناکر — ایوان بناکر —

شاہی دور میں قلعوں کے مقام پر طاق کی شکل کے

منبے پائے ہوتے تھے ۔

طور سفیدی بسر انداختہ — سفید چالی

کی نقاب منہ پر ڈالکر — پاؤں لیے ہوئے

حرف العین مہملہ

عکاس — مصور — فوٹو گرافر — تصویر

اتارنے والا ۔

عکاسی — مصوری — فوٹوگرافی

عکاس خانہ — تصویر خانہ — جہاں تصویریں اتاری جاتی ہیں ۔

عقرب ساعت و عقربہ

ساعت — گھڑی کی سوئی — یا کانٹا —

چھوٹی عقربہ — جو ہاتھ — چھوٹا —

بڑی عقربہ — بڑی سوئی ۔

عم زاد — رشتہ کا چچا — حقیقی

چچا زاد ۔

عرادہ — ریکلہ — گاڑی — چھوٹی سی

تانگہ — رتھ کی طرح ۔

عرشہ — جہاز میں سب سے زیادہ

بلند مقام جس پر ناخدا یا کپتان رہتا ہے

عرق — شراب — اسپرٹ آف وین —

عصرانہ — عصر کے وقت کا کھانا

عملہ و فعلہ — سب — مزدور — قلی

جلدار — چنانچہ قلی اور مزدور کے کام کرنے والے

۔

عملہ احتساب — پولیس کا گروہ

کسنبل۔

عفریت ۔ دیو۔ شیطان۔

عتبات عتبہ کی جمع ہے یعنی آستانہ چوکھٹ۔ کربلا معلےٰ یعنی مشہد حضرت امام حسین علیہ السلام اور کاظمین علیہم السلام اور مشہد مقدس طوس وغیرہ مقامات متبرکہ سے مراد ہے۔

عمور و مرور آمد و رفت۔ گزر۔ اوتار۔

عفن سڑا ہوا۔ بدبودار۔

عید مولود حضرت پیغمبر علیہ السلام کی ولادت کا روز یعنی میلاد مقدس کی عید

عسکر لشکر۔ فوج۔

عسکریہ لشکر کا لشکری۔

علامت شیر و خورشید سلطنت ایران کا مارکہ ہے۔

عاج ۔ ہاتھی کا دانت۔

علف زمین ۔ زمین کی خودرو گھاس

علف زار ۔ ہریالی۔ سبزہ۔

گھاس سبزہ جنگل۔

علف گندم ۔ گیہوں کا درخت۔

علف چمنا ۔ چمنا چمن کی جمع ہے یعنی چمن یا خودرو گھاس جو بے ترتیبہ بڑھی ہوئی ہو۔

عجالتہً وقت کے وقت۔ جلدی میں

عظیم الجثہ بڑا قوی ہیکل۔

عزل ۔ معزول کیا جانا کسی کام سے یا عہدہ سے اوتار دینا۔

عروسی ۔ بیاہ۔ نکاح۔ شادی۔

عنکبوت مکڑی۔ مکڑ۔

عصر تنگ و عصر بلند عصر کا تنگ وقت یعنی قریب ترو اور کشادہ وقت عصر بلند

عساکر ضبطیہ پولیس کی فوج۔

عابر و عابرین راہگیر۔ راستہ چلنے والا عابرین جمع ہے۔

عرض لشکر فوج کا جائزہ۔ بالاحظہ

عمل آوردن ماہی مچھلیاں پال کر بڑھانا اور انڈوں سے پیدا کرانا۔

عقاب فرانسہ سلطنت فرانس کا
مارکہ ہے۔

عشری از اعشار دسویں حصہ کا
دسواں حصہ

عجلہ۔ جلدی۔ تیزی سے۔

عل ابتیاع۔ خریدنا۔ مول لینا۔
بیچنے کا کام

عمہ۔ پھوپی۔ باپ کی بہن۔

عوض شدن۔ بدلنا۔ بدلا جانا۔

عواقب۔ آخر۔ انجام کار۔ آخریں۔

عطر گلہا پھولوں کی بو۔

علی سبیل الرسم رسم کے طریقہ پر
یعنی جس طرح بادشاہوں کے حضور میں دربار
عرض کرنے کا قاعدہ ہے۔

علی الرسم عرض کرد یعنی قاعدہ
دربار اور ملاحظہ آداب شاہی کے موافق
عرض کیا۔

عمل می آورند۔ پیدا کرتے ہیں
حاصل کرتے ہیں۔ مثلاً درخت لگا کر
پہل حاصل کرنا یا انڈے سے سینکر جانوروں کے
بچے نکلوانا وغیرہ عمل آوردن ہے۔

عادت بہ لشکری مید هند
یعنی سپہ گری کی عادت ڈالتے ہیں۔

حرف الغین معجمہ

غلط ڈھلکنی۔ لڑھکانا۔

غلطک لڑھکا دینا۔ لوٹنا۔ لوٹنی لینا
کروٹ کروٹیں لیتے چلے جانا۔

غلیان۔ حقہ۔ گڑگڑی۔

غلیان نی پیچ پیچوان۔ پیچ کا حقہ
شاندار حقہ۔

غدغن دولتی ممانعت سلطنت
کی طرف سے ممانعت۔ حاکم کی طرف سے
تاکید اشد۔

غرس۔ درخت لگانا۔ پودا لگانا یا بیج
جمانا۔ بونا۔

غمزات آنکھ [illegible]
[illegible]

غلامان کشیک خانہ پہرہ چوکی کے خدمتگار

غلہ دیوانی سرکاری غلہ کا گودام ذوالسنین ایک عمارت سرکاری گندم و غلہ جات سے متعلق تھی اوسکا ذکر ہے اور انبار غلہ دیوانی لکھا ہے یعنی سرکاری غلہ کا گودام کیونکہ انبار گودام کو کہتے ہین۔

غلام گردش عمارت کا بیرونی درجہ جو بطور برآمدہ خدمتگارون کے واسطے بنایا جاتا ہے۔

غیاث وند ایک قوم کا نام ہے

غیر نظامی جو جنگی نہو یا جسکا تعلق سپاہ سے نہو۔

غربا۔ غریب کی جمع ہے یعنی مسافر

غرہ [illegible] قمری مہینے کی پہلی تاریخ غرہ اور پہلی رات جبکہ ہلال نظر آتا ہے۔

غلام ہائی کرد ماکوئی۔ ماکو کرد قوم کرد کا ایک قبیلہ ہے جو علاقہ ماکو مین رہتے ہین۔

محاورات و عبارتہا شرح طلب

غیب میگفت - یعنی غائب کا حال بیان کرتا تھا۔

غالباً آفتاب اکثر دہوپ رہتی ہے۔

حرف الفاء

فروند بروزن فرزند - یہ لفظ کشتی اور جہاز کی تعداد پر آتا ہے مثلاً ایک فروند کشتی اور دو فروند جہاز - جیسا کہ [illegible] ہر ایک نوع کے شمار کے واسطے [illegible] ہے یعنی پرندہ جانور کو قطعہ اور سواری کی کشتی وغیرہ کو قلادہ - اور گھوڑے بیل کو راس وغیرہ کہتے ہین اسکے سوا فروند اوس لکڑی کو کہتے ہین جو کواڑ کے پیچھے بند کرنے کے واسطے بجائے کنڈی یا زنجیر کے لگاتے ہین - اور آگل یا بل مشہور ہے - اور کشتی کی پیندی مین ایک لکڑی بھی فروند موسوم ہوتی ہے -

فوذگن آفن غیر سلطنت [illegible]

کا سرکاری دفتر وزارت دول خارجہ کا دفتر
یہ لفظ انگریزی فارن آفس Foreign office
سے معرب ہوا ہے۔

فزیک بروزن شریک طبعیات طبیعی علم
موجودات - علم حکمت طبیعی یہ لفظ انگریزی
فا ہیسک Physic سے معرب ہوا ہے۔

فسیل حیوانات کی تشریح کا اسباب
یا حیوانات کی ہڈیاں - جانوروں کے استخوان
یہ لفظ انگریزی فاسیل Fossil سے
معرب ہوا ہے۔

فشک بروزن فرنگ کارتوس یا وہ
کاغذ جس میں گولی اور بارود بھری ہوتی ہو
فشنگ ... ... کارتوس
... ... کا کاغذ ... ورق
استعمال ... ہے۔

فوران آب - جوش - پانی کا ابلنا
یا اڑنا۔

فرش فرنگی انگریزی قالین جس کی
پٹیاں منقش ہوتی ہیں۔

فرش صورتی تصویردار منقش
قالین جو آرائش کے واسطے دیوار پر لگاتے ہیں

فراعنہ مصر مصر کے پہلے
بادشاہوں کا لقب فرعون ہوتا تھا جیسا کہ شاہان
روم قیصر - اور شہنشاہان چین فغفور - اور
شاہان حبش نجاشی لقب سے مشہور ہیں مگر
جب سے ولید ابن مصعب فرعون اخیر نے
جو حضرت موسیٰ پیغمبر علیہ السلام کے زمانہ میں
تھا دعوے خدائی کیا اور حضرت موسیٰ پیغمبر
کے ہمراہی بنی اسرائیل قوم کا تعاقب کر کے
حالت میں بحر قلزم میں غرق ہو گیا۔ لقب فرعون
بدنام اور مکروہ خلائق ہونے کی وجہ سے ترک
ہو گیا۔ جس شخص کا نام فرعون کہا جاوے سمجھنا
چاہئے کہ حضرت موسیٰ کے زمانے سے پہلے
کا ذکر ہے۔

فعلہ اور **فعلگی** مزدور - مزدوری
قلی - اور اجرت بیلداری -

فرسنگ ... ... کے برابر ہوتا ہے
فرسخ فرسنگ کا معرب ہے۔

فراش یا فراشی چوبدار و نکا جمعدار یا نقیب

فراش چوبدار - نقیب -

فرک ڈیل دریائی - سمندر کا ہاتھی -

فوج پیادہ - پاپیادہ کا دستہ - پلٹن -

فرنجات [illegible]

فضا صحن - کشادہ جگہ -

فرقہ ساسانیہ و [illegible] افشا

و فرقہ [illegible]

سب بلیتوں کے نام ہیں -

فرق - فرقی - گروہ - فریق -

فرانک یا فرنک فرانس کا ایک نقرئی سکہ ہے -

فرامرا [illegible]

فقرہ بفقرہ ٹکڑے ٹکڑے پر جا بجا - حصہ بحصہ -

فوارہ افشاں چھوٹی دار فوارہ ہزارہ چرخ دار -

فراہانی - فراہان کا - یا فراہان کا بنا ہوا -

فری کرسی Cressy مقام کرسی

کے فتح - چونکہ یہ لفظ کرسی پڑھا جانے کے واسطے مشکوک تھا اسلئے اصلی نام لکھا گیا -

اور یہ ایک مقام کا نام ہے یہاں لوئی فلپ چہارم شاہ فرانس اور اڈورڈ سوم بادشاہ انگلستان کے باہم لڑائی ہوئی تھی اور اڈورڈ نے فتح پائی -

فالج یا فالیج - [illegible] - لنگڑا - جسکے ہاتھ پاؤں رہجائیں

شعاور [illegible]

فنجان قہوہ دان - کٹوری یا زیر پیالہ قہوہ پینے کی یا چاء پینے کی پیالیاں - سونیکی پینڈی یا بیٹھک -

فوق العادہ معمول سے بڑھکر حد سے زیادہ -

فشار دادہ - دبا کر -

فرق بہم - فرق کرسکن - یا جدا جدا پہچاننا - یا دو چیزیں باہم تمیز کرسکنا

فرق زیادی حال اور فرانسیسی

آجکل فرانس میں [illegible]

فرار میدادہ - بھگا دیتا تھا - مشتقد فوراً آ بنا ہی رقص و آواز راگ فوراً فوراً ناچنا گانا شروع کیا -

حرف القاف

قرانتین - چلہ - چالیس روزہ مدت یہ لفظ ایک اصطلاح ہے اس معاملہ کیتی جب کسی جہاز کے مسافروں میں وبائی و متعدی مرض عارض ہوتا ہے تو اوسکو آبادی میں جانے سے روک کر ایک مقام معینہ پر ٹھیرا دیتے ہیں اور بقدر ضرورت میعاد یعنی جبتک کہ اثر مرض مسافروں سے زائل ہو جائے مقید رکھتے ہیں - اسکو انگریزی میں حالت گوشہ نشین کہتے ہیں یعنی چلہ Quarantine یہ لفظ انگریزی سے معرب ہو کر ترکی سلطنت میں قرانتین - اور قرنطینہ - موسوم ہوا ہے اسی طرح فارسی اور اردو میں بھی بولا جاتا ہے اگرچہ یہ امر ضروری نہیں ہے کہ چار روز یا جو چلہ ہی یا مقیم و مقید رکھا جائے اگر چند روز احتیاط کیجاتی ہے - مگر نہایت میعاد چونکہ ایک چلہ ہے اسلئے عام طور اور ہر میعاد پر یہی لفظ مستعمل ہو گیا ہے اور امراض متعدی کا اثر دفع کرنیکی غرض سے جہاز روک دینے کے واسطے علم ہو گیا ہے یہانتک کہ ایسی قیامگاہ کو بھی قرانتین یا قرنطینہ کہتے ہیں - اور اس قیام کی فیس یا محصول بھی قرنطینہ کہلاتی ہیں

قونسوال - شہبندر تجار - بالیوز ہر ایک بندر - اور تجارت گاہ بزرگ کو مقام پر سلطنت کیطرف سے ایک افسر تجارت و رعیت رہتا ہے جو اپنے ملک کی رعایا اور تجارت وغیرہ معاملات کا نگران اور سربراہ رہتا ہے - اور اوسکو بادشاہ کے خالص رعایا کے معاملات و قضایا سب اوسکی طرف رجوع ہوتے ہیں مگر جبکہ متنازعہ ... سے ایک شخص اس ملک کا ہو ... سے تجویز و تصفیہ نزاع کا تعلق ہے - انگریزی میں یہ عہدہ بلقب کانسل مخاطب ہوتا ہے - قونسل - یا قنصل یا قنسول

کانسل ہے Con sul?

مندرجہ بالا ہے اور بحرہ بالا تینوں طرح سے
لکھا جاتا ہے -

قراونگیز - بہت سیاہ - نہایت کالا
ترکی میں قرا سیاہ کو کہتے ہیں اور گیز افعل التفضیل
کی علامت ہے جیسا چنگیز یعنی خان بزرگ
بحر سیاہ - بحر اسود - یا بلاک سی - کو بحر قراونگیز

راست - حفاظت - طلایہ
روند - گشت - پہرہ - چوکی - نگہبانی -

قشلاق سردی کے موسم میں
رہنے کا مقام جیسے گرمیوں میں رہنے کی جگہ
کو یلاق کہتے ہیں -

قرا - سیاہ - کالا - یہ ترکی لفظ ہے -

قراطاغ - کالا پہاڑ - کوہ سیاہ -

قراداغ - کالا پہاڑ - کوہ سیاہ -
جبل اسود -

قاطر - خچر - ال - بغل -

قشنگ بروزن فرنگ - خوبصورت
خوشنما -

قایق - بروزن فایق - ناؤ - بوٹ
چھوٹی کشتی -

قایقچی - ملاح - مانجھی - کھیوٹ -

قہوہچی - چاساز - چا پلانیوالا
قہوہ بنانے والا

قہوہچی باشی سرکاری چا خانہ کا افسر
چا خانہ کا افسر

قرقاول - چین کا تیتر - تیتر -
چین کی مرغی -

قرقاول طلائی - مرغ زرین
اسٹریلیا کا سنہری تیتر

قراول - چوکیدار - محافظ - نگہبان
پہرہ دار -

قراول خانہ سپاہیوں کی چوکی
تھانہ - چوکیداروں کا مقام -

قور ہتھیار - اسلحہ - ...

قورخانہ - اسلحہ خانہ - ہتھیاروں کا
میگزین -

قورچی - اسلحہ بردار - شاہی باڈی گارڈ کا
افسر جو بادشاہ کی جان کا محافظ ہو - اجودن
شاہی - جنگی پرائیوٹ سکرٹری -

قطور موٹا گول یعنی گولائی سا تہہ پڑا -

قراغوش - باز شکاری - سیاہ باز -

قراقوش - باز سیاہ - باز شکاری -

قرقچی - [illegible] - قراقل اندر [illegible]

قرولی بروزن [illegible] ہتھیار کی ایک قسم
جو خنجر کی برابر اور چوڑا پھل خمدار سوں پتی کے
شکل پر اور جس کا دستہ کی طرح کا دستہ ہوتا ہے

قدارہ بروزن سیارہ درخت کنیر کے
پتی کی شکل پر ایک تلوار ہوتی ہے اس کو
قدارہ کہتے ہیں - ہندوستان میں اس ہتیار
کو کتی کا کھانڈہ کہتے ہیں -

قطن حلبی ٹین کی ڈبیا یا پتار -

قفچ - سپاہی کی مینڈھا - میش کوہی -

قطیفہ - پٹکا - انگوچھا - دوپٹا

قطفہ - پٹکا - انگوچھا - دوپٹہ -

قاف - پانی بھیا یا راچہا - یا الٹی

گول کہ سو سو دو دو سو گز کے فاصلہ سے کوئیں
کھود کر ایک کنوئیں سے دوسرے میں نال
ہو کر پانی جاری کرتے ہیں اور اسی طرح کنوؤں
سے مدد ملتے ہوئے کھیت یا باغ تک لان
لیجاتے ہیں اسی نال کو قنات کہتے ہیں اور اکثر
[illegible] ایسا ہوتا ہے کہ ان کے اندر پانی جاری
ہوتا ہے

قنوات - قنات کی جمع ہے -

قلاچ - پیچ - بل - ہرن وغیرہ
حیوانات کے سینگوں میں جو پیچدار اور پھیر
ہوئے حلقہ ور گرہ ہوتی ہیں ان کو بھی قلاچ
کہتے ہیں -

قارچران - بد چلنے والا [illegible]
کا محافظ - مرغی سپہر -

قرق - بند - معطل - ضبط -
رکا ہوا -

قزل آلا مچھلی کی ایک قسم ہے
جس کے سپید جسم پر سرخ داغ ہوتے ہیں -

قاب سیکار - [illegible]

ڈبیا۔ قاب ۔ چوکھٹہ کو کہتے ہین چونکہ سنگار
کی ڈبیا چوکھٹہ نما ہوتی ہے اس لیۓ اسکو بھی
قاب کہتے ہین ۔

قارچ ۔ ککرمتا ۔ کھبی ۔ سانپ کی
چھتری ۔ یہ درخت بغیر تخم گلی لکڑی وغیرہ
مادہ سے برسات مین خود بخود پیدا ہوتا ہے
اور اسکی دو قسم ہین ایک نوع کو جو کھبی کہلاتی ہے
پکا کر ترکاری کی طرح کھاتے ہین ۔

قاذالاق ایک خوش آواز چھوٹا سا
پرندجانور ہوتا ہے جسکو چنڈول یا اگن کہتے ہین

قبون ۔ لشکر ۔ فوج ۔ سپاہ ۔

قوقہ ایک قسم کا کبوتر ہے جسکی
[illegible]
[illegible]
پیدا ہوتی ہے

قوبہ قرہ ۔ جہان تہان [illegible]
[illegible] وطن بوقلمون ۔

قوش [illegible] ۔ [illegible]
یعنی [illegible] اور [illegible] بسری لوٹ وغیرہ

[illegible] گوشت پارہ پارہ شدہ ۔

قشون چریک ہنگاری فوج ۔
سپاہ ملیشیا ۔ اسکی پوری شرح جیم فارسی
مین ملاحظہ ہو ۔

قطاعی ۔ قطع کیا ہوا ۔ ٹکڑے
ٹکڑے کاٹا ہوا ۔

قیراط ایک وزن ہے جسکی مقدار ۴ گندم
ہے ۔

قناری ایک زرد رنگ کا چڑیا [illegible]
ایک خوش الحان پرندہ ہے ۔ یہ لفظ انگریزی کا [illegible]
Canary سے معرب ہوا ہے ۔

قشون ۔ لشکری ۔ سپاہی ۔ ملیشیا [illegible]

قل [illegible] ۔

قندی [illegible] ۔

قراء [illegible] ۔

قرمز [illegible] ۔

قوی [illegible]
[illegible]

قوی سفید وقوی سیاہ [illegible]

شتر مرغ ابی - سیاہ اور سپید دونوں رنگ کی ہوتی ہے -

قلمرو آقاسی علاوہ سونے کا شمار ہوا تو ... ہیں - ناظر عدالت - عرض بیگی یا حاجب ... -

قائنی منسوب بہ قاین ایک شہر ایران کا -

قالی قائنی - شہر قاین کا بنا ہوا غالیچہ -

قراباغی شہر قراباغ کا رہنے والا -

قزاق ملک روس میں ایک قوم ہے اور یہ قوم کاسک Cossack کہلاتی ہے

قوچ اقرالی پہاڑی مینڈھے کی ایک قسم ہے -

قلاع قلعہ کی جمع ہے -

قصر [illegible] ہیں [illegible] میں اس نام کی ایک نہایت عالیشان عمارت بنائی -

قلیان حقہ - گڑگڑی - نلی -

قوطی مینائی طلا سونے کی مینا کاری کیا ہوا صندوقچہ -

قطر - دائرہ کے وسط کا خط موٹائی خصوصاً گول چیز کی - قطور قطر دار چیز -

قصور قصر کی جمع ہے - یعنی عمارت عالیشان مکان -

قزلباش سرخ سر والے یعنی سرخ کلاہ والے ایک قوم کا ایرانی [illegible] صفویہ کی سپاہ تھی -

قلعہ آجری اینٹ کا قلعہ -

قال و مقال - بول چال - گفتگو -

قوری گل مٹی کی چائے دانی - اور ایک قصبہ کا نام ہے -

قرہ قوینلو - کالی بکریوں والے ترکوں کی ایک قوم ہے - اعلیحضرت سلطان [illegible] اسی قبیلہ سے ہیں -

قصیر القامت - چھوٹے قد کا آدمی -

قوس قزح دھنک جو بارش کے بعد آسمان پر نظر آتی ہو - کمان شیطان -

قدغن - تاکید - ممانعت -

قرقر - کاری کی گھر گھراہٹ - یعنے گھر گھر -

قرہچی - ایک قوم کا نام ہے -

قصر دارز لیلی قصر خوابگاہ بادشاہی لیکی ایک حرف با موحدہ میں لکھا گیا -

قیاصرہ سلاطین روم جو علدارے اسلام سے پہلے مسلط تھے -

قالموق ایک قوم ہے جو عیسائی بت پرست وغیرہ مذاہب رکھتی ہیں -

قوشوق ایک نغمہ ہے -

قوئی سو - آب مرغابی - مرغابی کا پانی -

قطب قطب ستارے مراد ہے -

قاز وحشی گنج مرغابی - تبہ جنگلی بط - اور پالی ہوئی بط کا پلی کہتے ہیں -

قند ہے ایک خیمہ کی قسم ہے جو حرف جیم فارسی لفظ چادر سے بوجہ قلندری میں لکھا گیا -

محاورات و عبارتہای شرح طلب

قراول رفتہ - نشانہ باندہ کر - تاک کر سیدہ باندھ کر -

قسمت شانزامیگذاشت اوسکا حصہ رکھدیتا تھا -

قس علی ہذا - اسی پر قیاس کرو -

قدری از دیوار را بطور خروجی از کاشی سفید جلو آوردہ اند دیوار میں - تھوڑا سفید ٹائیلوں سے ... نکلا ہوا ... یا شمال لاتے ہیں -

قلمی انشا لا کہ مداد داشت قلم یعنی طبع وارکہ سیاہی سے لکھا تھا ... [illegible]

قطع مراودہ کیسے ... ردوبدل - خط کتابت - آمد ورفت ... باہمی ترک کیے ... [illegible]

حرف الکاف تازی

کالیشکہ کالیش بروزن نالش اور کاف بہ تشبیہ محاورہ تصغیر کا بڑھایا ہے جیسا مرد کو مردک اور زن کو زنک کہتے ہیں۔ گاڑی بگھی۔ یہ لفظ عام طور پر بگھی کے معنی میں مستعمل ہے خواہ کسی قسم کی بگھی ہو جیسے فٹن لانڈو سیج بگھی کے کل انواع پر بولا جاتا ہے اور اسکا ماخذ انگریزی سے کالیش Calash ہے یعنی کالیش کو مفرس کیا ہے اور آخر میں تصغیر کا کاف زیادہ کیا گیا ہے بعض اہل زبان کالسکہ بھی کہتے ہیں مگر یہ صرف تغیر لہجہ ہے۔

کالیشکہ سرباز فٹن۔ چرٹ ایسی بگھی جسکی چھت کھلی ہو۔

کالیشکہ رو باز ایک قسم کی بگھی جسکی صدر نشست پر چھت ہو اور سامنے کی دوسری نشست کھلی ہو۔

کالیشکہ ... دخانی یا ... ریل گاڑی۔

کالیشکہ چی کوچبان۔ ڈرائیور

کارے چھکڑا۔ بارکش۔ باربرداری کی گاڑی یہ لفظ انگریزی کارٹ Cart سے مفرس ہوا ہے۔ کار Car بھی اسکا ماخذ ہے

کنہ کنہ کونین۔ سنکونا بارک جو ایک کونین کے درخت کی چھال کا سفوف ہوتا ہے یہ لفظ انگریزی کوئین کوئینا Quin. Quinea سے مفرس ہوا ہے۔

کرجی باربرداری کشتی بوجھ لادنیکی ناؤ یہ لفظ انگریزی کیرگو یا بارج Cargo or Barge سے لیا ہے۔ کیرگو کشتی کا بوجھ اور بارج کشتی

کرجی دولتی دولت یعنی سرکار کی کشتی۔ یا سلطنت کی باربرداری ناؤ۔

کالر بروزن چادر۔ دامان۔ جیب یعنی بنا ہوا دالان۔ لباوالان۔ یہ لفظ انگریزی کالر سے Collar مفرس ہوا ہے۔

کاتولیکی رومی کلیسا کے مذہب کا نام جسکو رومن کیتھولک Catholic کہتے ہیں۔ گروہ پوپ صاحب روم کے پیرو ہیں۔

دینا ... مقام ملک اطالیا میں شہر روم ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ یا نائب شمار کئے جاتے ہیں وہ ولایت فرانس اور اطالیا وغیرہ پر ... بڑی بڑی سلطنتیں اور بعض ... سے ... مذہبی ... آدمی ... [illegible]

کونسرٹ ایک ناچ ... گانے ... [illegible] ہیں اور تجارات ... کے ... سے ہوا کرتے ہیں - یہ لفظ کونسرٹ انگریزی Concert سے مفرس ہوا ہے -

کلوب - شراکت کا مکان جہاں چند آدمی جمع ہو کر کھانا کھاتے ہیں اور اتفاق ... کے واسطے اجتماع و حکمت عملی نہایت مناسب ہے یہ لفظ انگریزی کلب Club سے مفرس ہوا ہے

کمیٹی - کمی - گروہ - پنچایت کا جلسہ ... ایک سلطنت کے وزرا وغیرہ کا ... [illegible]

یہ لفظ زبان انگریزی کانکلیو Conclave سے مفرس ہوا ہے - اس ماخذ سے لفظ ... عربی ... سمجھا جاتا ہے - ترکی ... سلطنت میں بھی ... مستعمل ہے -

کنٹرول - روک ٹوک - ممانعت آبادی شہر ... متعلق پولیس کا قانون جیسا ایکٹ ... کا ہے اور دفعہ ۳۴ - ایکٹ مذکور کے حکم سے ... تیز دوڑانے اور ایسے افعال جس سے ... عام نقصان پہنچے کی ممانعت ہے - ... کا تمام بندوبست اور ... کنٹرول ہے - لفظ انگریزی کا کنٹرول Control سے مفرس ہوا ہے -

کنٹرول احتساب

پولیس کا بندوبست اور ممانعت یا روک ... احتساب محکمہ پولیس کی کارروائی کو کہتے ہیں اور کنٹرول بھی لفظ ہے جس کی تعریف اوپر کی گئی -

کمانڈان - سالار - افسر Command

حکمران فوج۔ یہ لفظ کمینڈنٹ
Commandant سے مفرس ہوا ہے

کماندان میلٹہ سپہ سالار
کا مفرس ہے یعنی محکمہ افواج۔ جنگی افسر۔ سالار یہ
جنرل کوارٹر ماسٹر۔ یہ لفظ کمینڈنٹ آف ملٹیری
Commandant of Militure
مفرس ہوا ہے۔

کُی گھاٹ۔ بندر کا دھتین۔ سمندر کی گھاٹ
کا پشتہ اور عمارت یہ لفظ انگریزی کوئی Quay
سے مفرس ہوا ہے۔

کابینہ۔ بروزن خاکینہ۔ دیوان خاص
نشست محل خلوت کا کمرہ یہ لفظ انگریزی کیبینٹ
Cabinet سے مفرس ہوا ہے۔

کم الاستیک ربڑ یا جس
وغیرہ سے پانی نکالنے کا نیچا پیپا یا آلہ
آبکش۔ ربڑ کا پیپ۔ یہ لفظ انگریزی کم ایلاسٹیک
Come Elastic سے مفرس ہوا ہے۔

کومدی نقل۔ تقلید۔ اقوال۔
سوانگ۔ وہ کام جو بازیگر کرتے ہیں یہ لفظ
انگریزی کامیڈی Comedy سے مفرس
ہوا ہے۔

کُنسرل۔ کن سارل۔ باجہ ہے
جسکو کونسرٹ اور کونسر کہتے ہین اسکا ماخذ
کونسر کی شرح مین لکھا گیا۔

کوک دیواز جنگلی مرغ بنا ہوا
CooKaleBois یہ لفظ کاک ڈی بوئیس
کا مفرس ہے کاک مرغ۔ اور ڈی اضافت ہے
بوئیس مضاف الیہ ہے۔

کوک دُبرویز جنگلی مرغی۔ پہاڑی
جسکو یہ لفظ کاک ڈی بروڈور
Cock de Burrowen کا مفرس
نام ہے۔

کوراسیہ زرہ پوش جوان۔
چار آئینہ بند یہ لفظ انگریزی کوئی راسیئر
Cuirassier سے مفرس ہوا ہے
جسکا رسم خط یہ ہے۔

کونسرٹ باجہ ہے جسکا ذکر اوپر
ہوا ہے یعنی کونسر یہ لفظ کنسرٹ Concert

ہے۔

کارخانہ کرو جہاز سازی۔ انجن سازی یہ لفظ انگریزی کرو Crew ہے۔

کموُن عوام الناس۔ عام رعایا یہ لفظ انگریزی کامن Commune کا معرب ہے۔

کنسل دُتا جنگی کونسل۔ اسٹاف ممبروں کا مشورت خانہ۔ مشیران جنگی کی کونسل یہ لفظ زبان فرنچ کونسل ڈی اٹاٹ سے C: de Etat یا سے معرب ہوا ہے کونسل مشہور ہونیکی وجہ سے محتاج شرح نہیں اٹاٹ افسران اسٹاف مشیران جنگی کو کہتے ہیں۔

کملنل عہدہ ہے جسکو کرنیل کہتے ہیں اسکی اصل کالونیل ہے۔ Colonel

کونغ بادشاہ۔ یہ لفظ کنگ King کا معرب ہے۔

کولوائی فرانسہ ایک قوم یا خاندان کا لقب ہے۔

کمل گھاٹی۔ سکڑی گلی۔ ناکہ۔ پیچدار راستہ۔

کشتی بخار دخانی جہاز۔ آگنبوٹ

کشتی شراعی۔ بادی جہاز۔ بادبانی کشتی۔

کشیک۔ چوکی۔ پہرہ۔ روند گشت چوکیداری۔

کشیک خانہ۔ چوکیداری کا محل۔ حفاظت کا محکمہ۔

کشیکچی۔ چوکیدار۔ پہرہ دار۔

کوزہ گل کونہ گلے پھولونکا گملا جسمیں چھوٹے چھوٹے پھولدار درخت لگا رکھتے ہیں۔

کاشی۔ کاشان کی رنگین اور منقش اینٹ۔ اور کاشی کاری اوس منقش اینٹ کا کام۔ کاشی سفید بھی غیر منقش سفید اینٹ کا کام ہے وہ بجاز آجچہ کا کام۔

کریاس ترولیہ۔ محراب دار عالیشان

دروازہ جسکے اطراف میں میدان ہو۔

کولہ پار [illegible]

پاتھیلا۔ توشہ دان۔ گٹھری۔ بیگ۔

کوچہ ۔ شرکیہ [illegible]

[illegible] کوچہ کہتے ہیں۔

کیپس ۔ پادری۔

کانشٹ پادری

کانٹی [illegible]

لانگ کوٹ یعنی دراز دامن کا کوٹ۔

کالبی ہائی زیر سمور

سمور کے استر کا دراز کوٹ۔

کج و معوج ٹیڑھا بانکا۔ پیچدار۔

بل دار۔

کبوتر جاہی جنگلی کبوتر۔

کرہ روشن قرہ مکھن۔ مسکہ۔

تازہ گھی جو کچے دودھ سے نکالا جاسکے۔

کلہ ۔ کھوپڑی۔ بھیجے کا گھر۔

کلۂ والا حق

[illegible]

بالکل ویسی ٹوپیاں بنا کر انسے بنایا جائے

کلاہ فرنگی ۔ بنگلہ ۔ چھتری

ایسی عمارت جسکا گنبد گول اور ہر طرف چھجے

نکلے ہوتے ہیں۔ انگریزی ٹوپی کی شکل پر ہوتی ہے

کسبہ مزدور لوگ۔ اہل حرفہ کاریگر

کوچہ باغ دو باغوں کے بیچ کی راہ

[illegible] جہان۔

کپری چھپر کا مکان۔

کمپانی کمپنی۔ جماعت شرکا۔

کہ حوض حوض کے تلی یا [illegible]

کوسہ کہیں [illegible]

جو داڑھی کا آدمی جسکی داڑھی اسپاد عمر

بھی نہ نکلے۔

کولاک ۔ طوفان ۔ سمندر کی بہت

بڑی بڑی موجیں ۔ گرداب۔

کچل ۔ گنجا آدمی ۔ گنجے سر کا۔

کوہ کچل گنجا پہاڑ ۔ جس پر درخت

اور گھاس نہ ہو۔

کلہ [illegible] کرجا جیسا [illegible] ہیکل۔

کشتی سازخانہ - گودی - جہاز بنانے کی جگہ -

کُلنگ - [illegible] - بگلا اور [illegible] - [illegible] کنگال - [illegible]

کلاغ - کوا - زاغ - کاگ -

کلاغِ ابلق - گنگنا - مینا -

کبوتر بازی کن - بازی کرنیوالا کبوتر - کلا کبوتر -

کوندور - ایک پرند جانور لاش خور کی قسم ہے -

کلفت - موٹا - فربہ - پرکار - کثیف -

کمندا - ایک بڑا عہدہ - مقدم سی سپرنٹنڈنٹ پولیس -

کورہ - بھٹی - لوہار کی بھٹی -

کانڈوار - ایک بہت بڑا پرند جو شتر مرغ سے مشابہ اور افریقہ میں پیدا ہوتا ہے

کتان - السی - سن کا کپڑا - [illegible] -

کرمیز

کوَن - بیرون چمن - جھاڑ جھنکاڑ خاردار درخت جو زمین کی سطح پر پھیلے -

کوَنِ صحرا - خاردار جھاڑی - ستیاناسی - کٹیلی - اونٹ کٹارا وغیرہ

کمانِ راہ آہنی - راہ آہن - لوہے کی پٹری جو ریل کی سڑک پر لگائی جاتی ہے اور اسکی بنائی ہوئی خمدار کمان جیسی چیز -

کرور - ایران میں پانچ لاکھ ہندی کو کرور کہتے ہیں -

کدِ اینزابل - کد اسٹیشن گھاٹ وغیرہ کی عمارت اور گھاٹ کا پشتہ اور اینزابل نام یعنی ملکہ ایزابیل کا گھاٹ یا اسٹیشن -

کُرکُری - ایک قوم کا نام ہے -

کہسنگ - پتھروں کا پہاڑ -

کلیدن - گڑگڑانا -

کوک - کوک دینا - درست کرنا - پیچ دینا

کوک ساعت ایرانی - ایران میں گھڑی کے کوک کرنے کا وقت صبح کو ہے -

اور بادہ بھی صبح اور شام کو بجتے ہین۔

کاج صنوبر جو سدا بہار درخت ہے۔

کسالت سستی۔ ضعف بیماری۔

کلانتر چودہری۔ چوکرات۔

کلانتر شہر اسی سپرنٹنڈنٹ پولیس۔

کلیچہ کوٹ۔ دراز دامن کا کوٹ زانو تک جسمین سمور کا استر لگا ہوا ہو۔

کپان ترازو۔

کہربا و کاہ ربا ایک درخت کا گوند ہے زرد شمعی رنگ جو دیکھنے مین پتھر معلوم ہوتا ہے۔

کمان کروہہ یا کروھا [illegible]

جسمین رکھکر مٹی کا غلہ مارتے ہین۔ کروہہ اور کروہا دونون طرح لکھتے ہین۔

کالسکا اسپی گہوڑے کی گاڑی

کوشک دیوانخانہ۔ صدر دالان۔ شاہ نشین

کوہ طالیقی قد۔ قد بپا۔

کریہ المنظر بدنما۔ بدصورت

کر کانون سے بہرا۔

کمانچہ دوتارا۔ سارنگی۔

کماحقہ جیسا چاہئے جیسا اوسکا حق ہے۔

کم جثہ دبلا۔ لاغر۔ منحنی۔

کاریگر کاریگر۔ مزدور۔ صناع۔

کفتار چرخ۔ ہنڈار ایک چوپایہ مردار خوار حیوان ہے جسے قبرین کہنے کی عادت ہوتی ہے اور مردے کو قبر سے نکالکر کھا جاتا ہے۔ اور مردار کی خشک ہڈیان چباتا ہے۔

کرباس ٹاٹ۔ سن کا کپڑا۔ کرمز

کساد کھوٹاپن۔ بیقدر۔

کرمانی کرمان کا باشندہ یا کرمان کا۔

کلاہ خود خود۔ لوہے کی ٹوپی

کمربان کم ہمتا ہوا۔ ستجالی

کرد ایک قوم صحرا نشین ہے۔

کردستان کردون کا ملک یا مسکن

کنگرلو ایک قوم ہے۔

کفل چوتڑ۔ پٹھا۔

کُوہ کمرلا۔ زمین کا تمام جسم۔

کحالی آنکھوں کا علاج۔ آنکھوں کے متعلق طب۔

کفش جوتا۔ موزہ۔ بوٹ۔

کشکول درویشی کچکول فقیر و بسکا کستہ ما۔

کالسکہ چاپاری ڈاک کی گاڑی

کشتی زنہ پوش دامنہ ہی ہو کی کشتی۔

کارگذاشتن لگانا۔ قایم یا نصب کرنا

کسل نیند کا ماتا۔ کاہل سست آدمی

محاورات و عبارتہائے مطلب

آشرائی شمع چیزے ایسی ۔۔۔ **میکنند** داسکے اوپر تار چربی یا موم روغن کی مثل ایک چیز لیپ کر دیتے ہیں یعنی اوپر موم جامہ کر دیتے ہیں۔

کار کردن و پے کار رفتن کام کرنا اور کام کی تلاش یا جستجو کرنا۔

کم مانده بود بجوزد کم رہگیا تھا کہ گرا جاتا ہے۔

کار میگزارند جگہ پر لگاتے ہیں یا نصب کرتے ہیں۔

کمانچہ میکشند سارنگی یا دوتارا بجاتے ہیں۔

کوہ کوہ ریختہ بود ڈھیر کے ڈھیر پڑے تھے۔

کمپانی شده کمپنی جنگ بجماعت شرکا قایم ہوکر

کبوتر بازی ہوا میکنند کبوتر باز اوڑاتے ہیں۔

کار می شود لگتا ہے۔ نصب ہوتا ہے یہ لفظ یعنی کارگذاشتن یا کارشدن اینٹ پتھر چونہ وغیرہ لگانے اور پتھر جوڑنے اور چھتاق میں لگانے کی نسبت بولا جاتا ہے۔

کوہ خاکی دلگیر ہو وحشی کا جیسا تک
پہاڑ تھا وحشت ناک بے رونق تھا۔

گونسر مسٹر ہند کونسر بجلسے تھین
یا کونسر کا جلسہ کرتے تھین۔

حرف الکاف فارسی

گاز بروزن تاز۔ ایک غیر مرئی مادہ ہے
جو انڈے یا شی کے تیل سے بنایا جاتا ہے اور
شکل ہوا کے سیال نامرئی ہے بدبودار۔ غالباً
بسیط ہوتا ہے۔ بمبئی کلکتہ وغیرہ ہندوستان
اور یورپ مین بالعموم اس سے چراغ روشن
کئے جاتے ہین۔ یہ لفظ انگریزی گاس یا
گیس Gas سے مفرس ہوا ہی۔

گار بروزن خار۔ اسٹیشن۔ سرحد کا مکان
ریل کی سڑک کی اختتام کی جگہ یہ لفظ انگریزی
سے گیرٹ Garret کا مفرس ہوا ہے

گاردان باغ۔ انگریزی۔ گارڈن
Garden ... بالف ... [illegible]
[illegible]

پرانی طرز کی عمارت کا دروازہ۔ یہ لفظ انگریزی
گاتھک Gothic کا مفرس ہی۔

گارلیون گارا سٹیشن ریل کا اور لیون
لائن Line کا مفرس ہے یعنی ریل کا اسٹیشن

گودی جہاز بنانیکی جگہ۔ جہاز کو کنارے
پر ٹھیرانیکی جگہ۔ گودی کی یہ شکل ہوتی ہے
[illegible]
[illegible] اور دریا کیطرف
کرتے ہیں اور وقت کیواسطے ایک راستہ بنا کر
اوس مین تختہ یا کواڑ کہولنے بند کرنے کو
لگاتے ہین کہ جب چاہین پانی کم یا زیادہ کر سکین
اوسی راہ سے جہاز گودی مین داخل ہوتے
ہین اور کنارے سے ملجاتے ہین کہ اسباب
باسانی اوتر سکے۔ اور اسی قسم کی گودی مین
مرمت ہوتی ہے۔

گل وہاٹ جنگلی درخت کا پھول جو
کانٹون دار ہوتا ہے۔ اور [illegible]
پھول [illegible]

گل وات پہاڑ کی [illegible]

ہوتا ہے یہ کہ سیندور سفید چکو تمام رسمیں کت نا ہی

ہوتی ہے اوسکو گدوک کہتے ہین اور گھاٹی کو بھی

گدنہ پہاڑ کی گھاٹی پیچیدار اور تنگ راستہ

جو پہاڑ کے اوپر جاتا ہو۔

گنڈک محصول اجناس تجارت چنگی کا محکمہ

ٹون۔ ٹولوٹی۔

گدھا گھونگا - سنکھ۔

گزمہ - روند - گشت - چوکیدار سے

بنا لفظ۔

گزمہ باشی سرکوال - تہانہ دار

پولیس کا افسر

گلولہ بازی انٹا کھیلنا - ...

گودرخانہ پہلوانوں کا اکھاڑہ

کشتی لڑنے اور کثرت کرنے کی جگہ۔

گوری چونہ تراش کر نقش بنانا۔

گچ باشی چونہ یا منقش سنگ

گوندلی سے کیاریان بنانا۔

گرم خانہ شیشہ ...

گیوہ سوت سے بنے ہوے جوتی جیکے

نیچے ...

... ان سورج مکھی کا پھول

گرماک چھوٹی قسم کا خربزہ جسکو طالبی

کہتے ہین یہ بی چیتلا جیسا لکھنؤ کا ہوتا ہے۔

گردو - اخروٹ۔

گرم خانہ پٹا ہوا باغ - سرپوشیدہ باغ

ایسا باغ جسکے اوپر چھت ہو اور یہ اسواسطے بنائے

ہین کہ سرد ملک مین گرم ولایت کے درخت برف

اور سردی سے محفوظ رہین۔

گیلاس ایک میوہ ہے جسکی شیشہ ...

اس ولایت کو زنی ...

گل پیپلک خطمی - گل خیرو - ...

کا پھول

گنبدہرمان مصر کی چہل ستون منار

مینار جسکو اہرام مصری - یہ میدان مصر - اور

... الہرامینہ کہتے ہین۔

گوچو - گرچو - اور گوچہ - ...

کہتے ہیں یہ مادہ ایک درخت کا شیرہ ہو جو ہندوستان
کے مشرقی دریا شور کی اکثر جزائر مثل انڈمان یا
کالا پانی اور جزیرہ سراوک وغیرہ مقامات میں
پیدا ہوتا ہے اس درخت کا دو تین چالیس گز
تک اور گرد کی شکل پھیلتا ہو۔ نرم باریک شاخ
کو نوک کے قریب سے کاٹ کر اوس کو ایک بانس کے
نلکی میں پرو کر باندھ دیتے ہیں رات میں وہ نلوہ
دودھ سے بھر جاتا ہی پھر اوسکو کڑھائی میں پکا
یا پگھلا کر ٹکیہ بنا لیتے ہیں اسکی بہت بڑی تجارت
ہوتی ہو۔ اور یورپ میں جا کر ہزاروں چیزیں
بنتی ہیں۔

گیج پریشان۔ نیند کا ماتا۔ کند۔ اونگھتا۔

گرگدن۔ گینڈا۔

گل و بوٹہ پھول بوٹا۔ پھول اور درخت

گل مورد۔ درخت آس کا پھول۔
ریحان چمن۔

گان گورو گیدڑ کی برابر ایک جانور ہے
جسکے اگلے پانو۔ چھوٹے اور پچھلے بڑے ہوتے ہیں
اور کنگارو کہلاتا ہے۔ آسٹریلیا میں پیدا ہوتا ہی

گل سریش سریش ایک درخت کا نام ہے
جسکو ہندی میں توشہ کہتے ہیں اور بہت خوشرنگ
سرخ پھول ہوتا ہی اس کا انگریزی میں اسفوڈلز ڈیمسکنس
Asphodelus damasceenus
کہتے ہیں۔

گرجی گرجستان یا جارجیا کا باشندہ۔

گوراسپ گدہے اور گھوڑے کے
درمیان ایک چوپایہ حیوان ہے جسکو زیبرا یا زیبرا
کہتے ہیں۔

گوڈ گڑھا ہے۔ گہرا گڈھا (گڈھی)
بھی کہتے ہیں۔

گل زرد (زرد اور سرخ) دونوں رنگ
کے گلاب سے مراد ہی۔

گوارا۔ مقبول۔ من مانتا۔ قابل استعمال
جسکو دل قبول کرے۔

گرگان رودی گرگان کا
باشندہ۔

گنج ... جو قدرتی کان سے نکلتا ہے۔
... گنجینہ زمین کی تہہ ...

گمرک خانہ محصول اجناس کی چوکی
چنگی کا مکان۔

گلدوزی ایسا کپڑا جسکی بناوٹ
مین پھول ہون اور کپڑے سے پھول پتی کتر کر
ٹانکنا۔

گلّہ ریوڑ کی۔ یوڑ یعنی بہت اور متعدد
بے شمار۔ جمعیت یا انبوہ یا الوشی۔

گلاولہ ۔ گوبر۔ اپلا۔

گونہ گال رخسار۔ نشان تا بہ پہونڈ۔

گردش گاہ۔ سیرگاہ۔

گلکاری نقاشی۔ گلبوٹے۔ پھلواری۔ پھول بوٹا۔

گالری دی پائل تصویر خانہ
تصویرکے رکھنے کا مکان۔ یہ لفظ انگریزی
گیلری آف پیل Gallery of ... ہے
کا سفر میں ہو۔

گردن بند۔ جگنو۔ چمپاکلی۔
پکھ مرکی۔
گنبد۔

گوبلن شہر کا نام ملک فرانس کا نقش
بنا ہوا پردہ۔

گزاف بہت زیادہ۔

گالری دا پولن ۔ سلون حسن
یعنی اپولن دیوتا سے ... لفظ انگریزی
Galerie de Apollo ڈی اپولو
سے منسوب ہوا ہے۔

گالرے ۔ دالان ۔ چبوترہ ۔ بالا نشست

گوسالہ گائے کا بچھڑا۔

گوریل بندر کی قسم سے اسکا نام
انگریزی مین گوریلا ہے۔ Gorilla

گوک مو۔ نیلا پانی آب کبود وشوریلی
مین پانی کو اور گیوک کبود کو کہتے ہین

گلاس ۔ شیشہ ۔ پانی پینے کا گلاس

گول چہاء ۔ نیل نتی ۔ نیلی نقطہ
یعنی گیوک نیلا رنگ اور چہا ۔ نتی۔

گرم سیر۔ گرم ملک ۔ گرم زمین جہان
برف نہ پڑتی ہو۔

گرفتہ ۸ ... گرفتار ہوجانا پکڑا جانا
اٹک کر رہ جانا۔

گیر کردن - پکڑ لینا - گرفتار کرنا - یا قید کرنا -

گیر افتادن - پکڑا جانا - گرفتار ہونا - ہاتھ لگ جانا -

گلی - تر - کیچڑ کیچگ - بھیگی ہوئی زمین -

گوہ داغ - نیلا پہاڑ -

گلہ بان - گوال - چرواہا -

گل مخمل ایک قسم کا روئیں دار سرخ پھول ہے -

گلولہ ریزی گولیاں اور گولی ڈھالنا -

گران اوپرا بڑا تماشا خانہ یہ لفظ گرینڈ اوپیرا سے مفرس ہوا ہے - گرینڈ بڑا اور اوپیرا تماشا خانہ انگریزی میں لکھا گیا

محاورات و عبارتہای شرح طلب

گل شدہ بود کیچڑ ہوگئی تھی -

گیج خوردہ - دماغ پریشان ہوکر - سر چکرا کر -

گوشش گران است اوسکے کان بہرے ہیں -

گیر کردہ بود - اٹک گیا تھا - پکڑا گیا تھا -

گل سازی پھول بنانے کی صنعت -

گوش میدادند سنتے تھے -

گلولہ ہای عجیب ہوائی انداخت عجیب طرح سے گولی اوچھالتا تھا

گرد کردہ - گول بناکر - یا گول کرکے -

گونہاش ریش دارد گال یا دوسرے رخسارہ پر ڈاڑھی ہے یعنی بیچ میں سے منڈی ہوئی ادھر ادھر ڈاڑھی -

گل بدی بود بری کیچڑ یا دلدل تھی

گودی افتادہ نشیب واقع ہوا ہے - یا گڑھے میں ہے -

گوشتہارا روی عرادہ گذاشتہ

گوشت یا گوشتوں کو گاڑی (ریہکلا) پر رکھکر بطور تخفیف گوشت کو گوش کہتے ہیں اور گوشتہا یعنی جمع صیغہ سے بولنا یہ مراد ہے کہ بوٹیاں اور ٹکڑے

حرف اللام

لنتر بروزن عنبر - فانوس - قندیل

لالٹین یہ لفظ انگریزی لینٹرن
Lantern سے مفرس ہوا ہے۔

لَنش ۔ درجہ۔ منزل۔ ڈبّا۔ بکس یعنی نشست
کا بکس یا ڈبا۔ ڈیوڑھی یہ لفظ انگریزی لوفج
Lodge سے مفرس ہوا ہے۔

لوژ ۔ لژ۔ اور لوژہ۔ ایک ہی نام ہے
یعنی درجہ۔

لوکو موتیو ۔ لوسکو۔ مو۔ تی۔
یو۔ ریل کا انجن یہ نام انگریزی۔ لوکوماٹیو۔
Locomotive سے مفرس ہوا ہے۔

لابراتوار ۔ کارخانہ۔ کاریگری کی جگہ
کیمیاگری یعنی کیمسٹری یا علم تحقیق عناصر کا
کارخانہ۔ کارگاہ یہ انگریزی لیبوریٹری۔
Laboratory کا مفرس ہے۔

لابراتو ۔ لابراتوآر۔ اسکا مخفف لفظ
اور ایک معنی میں ہے۔

لیوتنان ۔ نائب ایک عہدہ ہے
جسکو لفٹننٹ کہتے ہیں یہ لفظ انگریزی لیوٹی ننٹ
Lieutenant سے مفرس ہوا ہے

لامپ ۔ بتی۔ چراغ۔ مشہور ہے
Lamp کو مفرس کیا ہے۔

لیون سڑک۔ راستہ۔ خط۔ لکیر۔ سطر
یہ لفظ انگریزی لاین سے مفرس ہوا ہے Line

لوا کم الاستیک [illegible] سپہ کی لے
[illegible] والی [illegible] سے۔ لول
[illegible] اور الاستیک
یہ کو کم الاستیک گردش شدہ جاذب کھینچنے والا
یہ لفظ انگریزی کم الاستیک Come Elastic ہے

لژیون دلوز سلطنت کا نشان اعزاز
یہ لفظ اصل میں لیجیون ڈی آنر ہے۔
Legion de Honour

لونشان میدان مشق۔ قواعد پیدا کی جگہ
یہ لفظ لانگ چیمپ Long champ زبان
فرانس سے لیا ہے۔

لگزی ایک قوم کا نام ہے جسکا رسم خط
انگریزی میں Lesghians ہے۔

لحنگرے ۔ روا۔ تانبا وغیرہ کے ظروف
و آلات ڈھالنے کی صنعت۔ ڈھلیہ کا کام

لہنگا - ڈھیلا -

لنگہ پٹ - کواڑ کا پٹ - گٹھری - یک طرفی یعنی لغت مختصے عدد اور گٹھریون کے شمار وغیرہ پر آتا ہے مثلاً ایک لنگہ در یعنی کواڑ کا ایک پٹ اور لنگہ بار یعنی ایک طرف کا نصف حصہ بوجھ کا

لولہ - ٹونٹی - نے - بتی -

لانہ بھڑ بھنا یا شہد کی مکھیون کا چھتا - آشیانہ گھونسلا -

لاک پشت کچھوا - سنگ پشت یا تل -

للہ کم درجہ کا اتالیق بچون کو تربیت کرنیوالا نوکر - بچون کو کھلانیوالا مرد یا عورت -

للہ باشی اتالیق مگر کم عمر بچون کا

لبہ چھت کی منڈیر - چھجا - کنارہ کنگنی

للہ لطانی یا لالہ نظامی جنگی اتالیق شاہزادون یا امیرزادون کو جنگی ہنر اور لڑائی کے اداب تعلیم کرنے والا -

لب [illegible] یا [illegible] [illegible] کا کہا ری وغیرہ

فقرے سے کہا ری ہن - گوشت ریت - بزن کہرا -

لجن گارا - گاد - کیچڑ - تلچھٹ جلن گدلا پانی اور اصطلاحا محاورہ مین عیب اور خبث باطن کو بھی کہتے ہین چنانچہ **لجنش را بالا آورد** یعنی اوسکا خبث باطن اوپر آیا یا اوس نے اپنے عیب کو ظاہر کر دیا -

لوق - خالی - خالی ہو جانا - [illegible] صاف -

لنگر پیلا پاے [illegible]

[illegible] ایک لمبا بانس لیے ہوتے ہین وہ لنگر بند بازی ہے -

لخت [illegible] -

